## حکومت صوبہ سرحد کے شہروں اور قبائلی علاقوں میں امن وامان کے قیام اور ریاست کی عملداری کو ممکن بنانے کیلئے جو کوششیں کررہی ہے وہ قابل تعریف ہیں۔الطاف حسین

## امن معاہدے پر عمل کیا جاتا اور حکومت کی رٹ کو چیلنج نہ کیا جاتا تو آج یہ نوبت نہ آتی

## دہشت گردی کی روک تھام اور قیام امن کیلئے مشیر داخلہ رحمٰن ملک رات دن جو انتھک محنت کررہے ہیں وہ قابل تعریف ہیں

لندن۔۔29جون2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ وفاقی حکومت صوبہ سرحد کے مختلف شہروں اور قبائلی علاقوں میں امن وامان کے قیام اور ریاست کی عملداری کو ممکن بنانے کیلئے جو کوششیں کررہی ہے وہ قابل تعریف ہیں۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ سوات اور قبائلی علاقوں میں امن وامان کی صورتحال بہت سنگین ہوچکی ہے جس نے اب پشاور اور اس کے نواحی علاقوں کو بھی اپنی لپیٹ میں لے لیا ہے۔اس بگڑتی ہوئی صورتحال کے باعث پورے ملک خصوصاً پشاور سمیت صوبہ سرحد کے عوام میں سخت تشویش پائی جاتی ہے اور اس بات کی شدید ضرورت محسوس کی جارہی تھی کہ حکومت صوبہ سرحد میں قیام امن کیلئے ٹھوس اقدامات کرے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ کاش کہ صوبہ سرحد میں مختلف گروپوں اور حکومت کے درمیان طے پائے جانے والے معاہدے پر عمل کیا جاتا اور حکومت کی رٹ کو چیلنج نہ کیا جاتا تو آج یہ نوبت نہ آتی۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم ہمیشہ سے معاملات کو طاقت کے بجائے افہام وتفہیم اور بات چیت سے حل کرنے پر یقین رکھتی ہے لیکن ظاہر ہے کہ اگر حکومت کی رٹ کو چیلنج کیا جائے گا تو ریاست کی عملداری کو ممکن بنانا اور امن قائم کرنا حکومت کی ذمہ داری بنتی ہے۔انہوں نے کہا کہ حکومت دہشت گردی کی روک تھام،امن وامان کے قیام اور شہریوں کی جان ومال کے تحفظ کیلئے جو کوششیں کررہی ہے وہ قابل احترام ہیں۔انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کی روک تھام اور قیام امن کیلئے وفاقی مشیر داخلہ رحمٰن ملک رات دن جو انتھک محنت اور کوششیں کررہے ہیں وہ قابل تعریف ہیں۔

## وزیراعلیٰ سندھ قائم علی شاہ کا الطاف حسین سے ٹیلی فون پر اظہار تعزیت

لندن۔۔29جون2008ء

وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ نے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین سے ان کی ماموں زاد بہن ڈاکٹر ادیب سلطانہ کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا۔ہفتہ کی شام ٹیلی فون پر جناب الطاف حسین سے گفتگو کرتے ہوئے سید قائم علی شاہ نے کہا کہ یہ افسوسناک خبر سنکر مجھے دلی افسوس ہوا ہے۔انہوں نے جناب الطاف حسین سمیت مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین) جناب الطاف حسین نے اظہار تعزیت پر وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ کا شکریہ ادا کیا۔

## ایم کیوایم پختونخواہ کی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان کی چارسدہ میں اے این پی کے سربراہ اسفندیار ولی سے ملاقات

## اسفندیار ولی کے بھائی سنگین ولی خان کے انتقال پر اظہار تعزیت

کراچی۔۔29جون2008ء

متحدہ قومی موومنٹ صوبہ پختونخواہ کے آرگنائزر اسلم شاہ آفریدی کی سربراہی میں ایم کیوایم پختونخواہ کے ایک وفد نے عوامی نیشنل پارٹی کے سربراہ اسفندیار ولی خان سے ان کی رہائش گاہ چارسدہ ولی باغ جاکر ملاقات کی اور ان کے بھائی سنگین ولی خان کے انتقال پر قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے دلی تعزیت کا اظہار کیا۔وفد میں ایم کیوایم کے جوائنٹ آرگنائزرز بیر انجم اور آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین رشید احمد،عبداللہ شاہ،اکبر شاہ اور محمد علی آفریدی بھی شامل تھے۔اس موقع پر اے این پی کے دیگر رہنماء بھی موجود تھے۔وفد کے ارکان کچھ دیر تک سوگوار لواحقین کے ہمراہ رہے اور انہوں نے سنگین ولی خان مرحوم کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی بھی کی۔انہوں نے اسفندیار ولی خان سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔(آمین)

## ایم کیوایم حیدرآباد زون یونٹ A-2 کے کارکن عامر قریشی کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔29، جون 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم حیدرآباد زون سیکٹر A یونٹ A-2 کے کارکن عامر قریشی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم عامر قریشی کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل کی توفیق عطا کرے۔

## ایم کیوایم حیدرآباد زون کے کارکن عامر قریشی ٹریفک حادثے میں جاں بحق

کراچی۔۔۔29، جون 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد زون سیکٹر A یونٹ A-2 کے کارکن عامر قریشی حیدرآباد سے کراچی آتے ہوئے سپر ہائی وے پر ہونے والے ایک ٹرک کے خوفناک تصادم میں جاں بحق ہوگئے جبکہ حادثہ میں ان کے دوست شدید زخمی ہوگئے۔عامر قریشی مرحوم کی عمر 22 سال تھی اور غیر شادی شدہ تھے ان کے سوگواران میں والدین اور بہن بھائی شامل ہیں۔مرحوم کو گزشتہ روز حیدرآباد کے مقامی قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔عامر قریشی مرحوم کی نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیوایم حیدرآباد زونل کمیٹی کے اراکین،تعلقہ ناظم غلام شبیر چشتی، یوسی ناظم وسیکٹر اور یونٹ کمیٹی کے کارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے عامر قریشی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔

## ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 166 کے کارکن ریحان اور حیدرآباد زون سیکٹر F کے کارکنان مجید بھگڑ اور محمد جاوید قاضی کو تنظیم کی بنیادی رکنیت سے خارج کردیا گیا

کراچی۔۔۔29، جون 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی اور غیر تنظیمی سرگرمیوں میں ملوث ہونے کی بناء پر ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 166 کے کارکن ریحان ولد محمد جاوید، ایم کیوایم حیدرآباد زون سیکٹر F یونٹ 15 کے کارکنان مجید بھگڑ ولد نور محمد اور محمد جاوید قاضی ولد محمود علی قاضی کو تنظیم کی بنیادی رکنیت سے خارج کردیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے نظم وضبط کی پابندی کی خلاف ورزی کے باعث ایم کیوایم کورنگی سیکٹر یونٹ 71 کے جوائنٹ یونٹ انچارج فیصل رشید ولد عبدالرشید، یونٹ کمیٹی کے ارکان محمد جہانگیر ولد قمر الدین، ضمیر خان ولد محمد ناصر خان، کارکن شہزادالدین ولد معراج الدین اور ایم کیوایم ناظم آباد گلبہار سیکٹر یونٹ 185 کے کارکن محمد شاہد ولد عبدالغفار کو غیر معینہ مدت کیلئے تنظیم سے معطل کردیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے تمام ذمہ داران و کارکنان کو سختی سے ہدایت کی کہ وہ مذکورہ بالا خارج اور معطل افراد سے کسی قسم کا رابطہ نہ رکھیں۔

## سرجانی ٹاؤن خدا کی بستی کے رہائشی جرائم پیشہ افرد محمد ارشاد اور محمد عباس سے رابطہ کمیٹی کا اظہار لاتعلقی

کراچی۔۔۔29، جون 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے سرجانی ٹاؤن خدا کی بستی کے رہائشی اشخاص محمد ارشاد ولد محمد نواز اور محمد عباس ولد ملا خان سے لاتعلقی کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ مذکورہ بالا افراد سنگین جرائم میں ملوث ہیں اور خود کو متحدہ قومی موومنٹ کا کارکن ظاہر کرکے ایم کیوایم کو بدنام کررہے ہیں۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ جرائم پیشہ اور سماج دشمن سرگرمیوں میں ملوث عناصر متحدہ قومی موومنٹ کو بدنام کرنے کیلئے ماضی میں بھی اسی طرح ایم کیوایم کا استعمال کرتے رہے ہیں لہٰذا عوام ایسے سماج دشمن عناصر جو ایم کیوایم کا نام استعمال کررہے ہیں ان کی فوری اطلاع ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو کے ٹیلی فون نمبرز 6313690-6329900 پر دیں۔

☆☆☆☆☆